فوری ریلیز کے لیے: 7/5/2025 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کا ذہنی امراض میں مبتلا بچوں اور نوجوانوں کی خدمات میں لگانے کے لیے $4.5 ملین ڈالر دینے کا اعلان

سنگین جذباتی اضطراب میں مبتلا بچوں کے لیے خدمات فراہم کرنے کے لیے نوجوانوں میں خود اعتمادی پیدا کرنے کے لیے 10 علاقائی علاجی ٹیمیں قائم کرنے کے لیے ریاستی فنڈنگ

فنڈنگ سے نوازنے کا اعلان ریاست نیو یارک میں بچوں کے ذہنی صحت سے متعلق آگاہی کے ہفتے کے دوران کیا گیا

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا ہے کہ نوجوانوں میں خود اعتمادی پیدا کرنے کے لیے 10 علاقائی علاجی ٹیموں کے قیام کے لیے $4.5 ملین کی ریاستی فنڈنگ سے نوازا گیا ہے، بشمول نیو یارک سٹی میں پانچ، لانگ آئی لینڈ میں دو اور میٹروپولیٹن علاقے کے شمال کے علاقوں میں تین۔ ذہنی صحت کے ریاستی دفتر کے زیرِ انتظام، نئی کثیر ضابطہ ٹیمیں 360 اضافی نوجوانوں کی مدد کریں گی جو شدید جذباتی خلل میں مبتلا ہیں جو یا تو انتہائی شدت والی خدمات، جیسے کہ داخل مریضوں والے ادارے یا رہائشی سہولت والے ادارے میں داخل ہونے کے خطرے میں ہیں، یا ان سے گھر واپس لوٹ رہے ہیں۔

"ذہنی بیماری میں مبتلا بچوں اور نوجوانوں کو بعض اوقات گھر پر رہنے یا معاشرے میں واپس لوٹنے کے لیے اضافی دیکھ بھال کی ضرورت ہوتی ہے"، **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا**۔ "ہمارے Youth ACT پروگرام میں یہ توسیع مزید خاندانوں کو یہ اہم مدد اور خدمات فراہم کرنے میں ہاتھ بٹائے گی جن پر وہ اپنے بچے کو داخل مریضوں کی نگہداشت کے بعد یا رہائشی سہولت والے ادارے سے گھر واپس لانے کے لیے انحصار کر سکتے ہیں"۔
دفتر برائے ذہنی صحت (Office of Mental Health, OMH) نے نئی ٹیموں کے قیام کے لیے 10 خدمات فراہم کنندگان کو ایک وقتی سٹارٹ اپ فنڈ میں $450,000 فراہم کیے ہیں، جن میں سے ہر خدمات فراہم کنندہ 10 سے 21 سال کی عمر کے درمیان 36 بچوں کو خدمات فراہم کر رہا ہے۔ فنڈ کے وصول کنندگان میں شامل ہیں:

- Access Supports for Living Inc.، ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی میں خدمات فراہم کر رہا ہے
- The Charles Evans Center، نساؤ کاؤنٹی میں خدمات فراہم کر رہا ہے
- Central Nassau Guidance and Counseling، سافک کاؤنٹی میں خدمات فراہم کر رہا ہے
- Children's Home of Wyoming Conference، چیننگو کاؤنٹی میں خدمات فراہم کر رہا ہے
- Interborough Developmental & Consultation Center، بروکلین میں خدمات فراہم کر رہا ہے
- The Child Center of NY، مینہیٹن اور کوئینز میں خدمات فراہم کرنے والی دو ٹیمیں
- Jewish Child Care Association of NY، برونکس میں خدمات فراہم کر رہی ہے
- Child and Family Services of Erie County، ایری کاؤنٹی میں خدمات فراہم کر رہا ہے
- Richmond University Medical Center، سٹیٹن آئی لینڈ میں خدمات فراہم کر رہا ہے

ایوارڈز کا اعلان کرنے کے علاوہ، گورنر Hochul (ہوکل) نے ریاست نیو یارک میں بچوں کی ذہنی صحت سے متعلق ہفتۂ آگاہی مقرر کرنے کا ایک اعلامیہ بھی جاری کیا۔ اعلامیہ اس ہفتے البنی میں بچوں کی ذہنی صحت کے

سالانہ جشن کی تقریب کے دوران 'ہماری ریاست میں کیا بہترین ہے' کے دوران پیش کیا گیا، جو بچوں کی ذہنی صحت کی وجہ کو کامیابی سے آگے بڑھانے والے افراد اور پروگراموں کی خدمات کا اعتراف کرتا ہے۔

سنہ 2022 میں پہلی ٹیموں کے قیام کے ساتھ، قومی سطح پر نیو یارک پہلی ریاست تھی جس نے نوجوانوں اور نوجوان بالغوں کی خدمت کے لیے خود اعتمادی پیدا کرنے کا علاقائی علاج (Assertive Community Treatment) نامی کامیاب ماڈل کو اپنایا۔ ریاست اب 27 کاؤنٹیز میں 20 Youth ACT ٹیموں کی میزبانی کرتی ہے، جو ایسی خدمات فراہم کرتی ہیں جن میں نوجوانوں اور خاندان کا علاج، ادویات کا انتظام، خاندان اور ساتھیوں کی مدد، اور مہارت پیدا کرنا شامل ہے۔

دفتر برائے ذہنی صحت کی کمشنر ڈاکٹر Ann Sullivan (این سولیوان) نے کہا، "نیو یارک کا Youth ACT پروگرام ملک میں سب سے پہلے ایک ایسے ماڈل کا شاندار اختیار ہے جو ذہنی بیمار بالغوں پر انتہائی کامیاب ثابت ہوا ہے۔ ریاست گیر ٹیمیں شامل کر کے، ہم ایسی نگہداشت اور معاونت تک رسائی کرنے میں مزید نوجوانوں اور ان کے خاندانوں کی مدد کر سکتے ہیں جسے وہ اپنی کمیونٹی میں رہنے اور ترقی کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ اس کامیاب پروگرام کی توسیع ہماری ریاست بھر میں ذہنی نگہداشتِ صحت تک رسائی کو بڑھانے کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کے جاری عزم کا اظہار ہے"۔

Youth ACT ٹیموں میں ذہنی صحت کے معالج اور نفسیاتی امراض کے نسخہ ساز، ساتھی حمایتی، اور کلینکل معاون عملہ شامل ہیں، جو ہفتے میں سات دن 24 گھنٹے مدد فراہم کرتے ہیں۔ یہ ٹیمیں ذہنی امراض یا سنگین جذباتی خلل کی وجہ سے نوجوانوں کو درپیش اہم فعلی خرابیوں اور شدید علامات کو بہتر بنانے یا بہتر کرنے پر مرکوز ہیں۔

کلینکل اور بحالی کی مداخلتیں بھی صحت مندی، استحکام، اور دوبارہ انضمام کو فروغ دینے کے لیے خاندان کے کام کو بڑھانے پر مرکوز ہیں۔ خدمات خاندان کے زیرِ اہتمام، نوجوانوں کے زیرِ رہنمائی اور نشوونما کے لحاظ سے موزوں طریقۂ کار استعمال کرتے ہوئے فراہم کی جاتی ہیں جو نوجوانوں کی ضروریات کو جامعیت سے پورا کرتی ہیں۔

نوجوانوں کی ذہنی صحت کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کی مدد نوجوانوں کی خدمات اور امداد میں بڑی سرمایہ کاری اور آن لائن سلامتی کا مسئلہ حل کرنے کے لیے ملک کی معروف قانون سازی پر منتج ہوئی ہے۔ ان کی $1 بلین کی ذہنی صحت کاوش اور مالی سال 2025 کے بجٹ نے ذہنی نگہداشتِ صحت تک رسائی کو نمایاں طور پر بڑھایا ہے اور نوجوانوں اور ان کے خاندانوں کو وسائل فراہم کر رہے ہیں۔

پچھلے سال، گورنر Hochul (ہوکل) نے نوجوانوں کی ذہنی صحت کا مشاورتی بورڈ (Youth Mental Health Advisory Board) قائم کیا تھا، یہ ایک 30 رکنی مشاورتی بورڈ ہے جس میں 11 سے 17 سال کی عمر کے نوجوان شامل ہیں۔ یہ مشاورتی بورڈ سہ ماہی اجلاس کرتا ہے اور اس کی تشکیل اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کی گئی ہے کہ نوجوانوں کے مطابق آگاہی کے بہترین طریقوں کو طرز عمل سے متعلق صحت کے پروگرامز اور پالیسیز تیار کرنے میں شامل کیا جائے۔

نیویارک اب ریاست بھر میں اضلاع میں ذہنی صحت کی خدمات فراہم کرنے کے لیے 1,200 سے زائد سکول کے اندر واقع ذہنی صحت کے کلینک سیٹلائٹس کی بھی کفالت کرتی ہے۔ یہ کلینکس ذہنی نگہداشتِ صحت کی خدمات فراہم کرنے والے ایک لائسنس یافتہ کو سکول کے کیمپس میں لاتے ہیں، جس سے طلباء و طالبا ایک شناسا اور بدنامی سے پاک ماحول میں ان خدمات تک رسائی کے قابل ہوتے ہیں۔

گورنر Hochul (ہوکل) کی قیادت میں، ریاست نے HealthySteps کو بھی نمایاں طور پر وسعت دی ہے، جو ایک جدید پروگرام ہے جو 3 سال یا اس سے کم عمر کے بچوں کی ذہنی اور جسمانی صحت کی نشوونما کے لیے اعلیٰ معیار کی نگہداشت کے ساتھ نوجوان خاندانوں کی مدد کرتا ہے۔ نیویارک اب ریاست بھر میں 35 کاؤنٹیوں میں 125 سائٹس کی کفالت کرتی ہے۔

مزید برآں، ریاست نازک وقت میں گھر کے اندر مداخلتی ٹیموں کو بڑھا رہی ہے، جو ذہنی صحت کی اہم خدمات فراہم کرتی ہیں تاکہ خطرے کی زد میں بچے اور نوجوان ذہنی امراض کے علاج کے ہسپتال میں داخل ہونے سے بچ سکیں۔ ریاست اب 55 ٹیموں کو فنڈ دیتی ہے، جن میں سالانہ 3,500 خاندانوں کی مدد کرنے کی صلاحیت ہے۔

ریاست نیو یارک کا اتحاد برائے بچوں کی رویہ جاتی صحت (New York State Coalition for Children's Behavioral Health) کی صدر اور CEO Kayleigh Zaloga (کیلے زالوگا) نے کہا، "نیو یارک کا Youth ACT پروگرام لڑکے لڑکیوں اور خاندانوں کے لیے رویہ جاتی صحت کی خدمات کے تسلسل میں ایک اہم کردار ادا کرتا ہے، جس سے ذہنی صحت کی اہم ضرورتوں کے حامل سینکڑوں نوجوان اپنے خاندانوں، سکولوں اور کمیونٹیز میں رہنے یا ان میں دوبارہ ضم ہونے کے قابل ہوتے ہیں۔ کثیر ضابطہ ٹیم کا طریقۂ کار، گھر میں لمبا چوڑا علاج، ساتھیوں کی مدد، ادویات کا انتظام، اور ہر نوجوان کے اہداف پر مرکوز بحران میں مداخلت فراہم کرتے ہوئے، خاندانوں کو وہ مدد فراہم کرتا ہے جس کی انہیں ضرورت پڑنے پر ضرورت ہوتی ہے۔ یہ کام نہ صرف نوجوانوں اور خاندانوں کو مختصر مدت میں استحکام دیتا ہے، بلکہ مہارتیں، لچک پیدا کرنے، اور بلوغت میں پھلنے پھولنے کے لیے ضروری سماجی روابط قائم کرنے میں بھی ان کی مدد کرتا ہے"۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں